اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن

صوبہ پنجاب اپنی زرخیز زمین اور متحرک ثقافت سے جانا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پنجاب کو تیزی سے بڑھتی ہوئی شہر کاری اور اس کے نتیجے میں کثیرالجہتی چیلنجز جیسے زمین کی تقسیم، ناکافی انفراسٹرکچر اور ماحولیاتی انحطاط کا سامنا ہے۔ اس مقصد کے لیے حکومت پنجاب نے پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ کا آغاز کیا ہے۔ پراجیکٹ کا مقصد پنجاب میں اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے پورے پنجاب کو ایک نقشہ پر لانا ہے تا کہ شہریوں کو اراضی وسائل کے زیادہ مئوثر استعمال اور شہری علاقوں میں بہتر انفراسٹرکچر کی بنیاد رکھی جا سکے۔ علاوہ ازیں کم لاگت ہاؤسنگ سکیمز کی نشاندہی بھی پلس پراجیکٹ کا حصہ ہے۔ اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن کے دوران ماحول اور انسانی صحت پر ممکنہ الیکٹرانک ویسٹ کے منفی اثرات کے ازالہ کے لیے پراجیکٹ کا ایک جامع ای۔ ویسٹ مینجمنٹ منصوبہ بنایا گیا ہے۔ پلس پراجیکٹ کھلے اور شفاف مواصلاتی چینلز کو فروغ دیتے ہوئے اراضی کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل میں تمام متعلقہ سرکاری وغیر سرکاری اداروں بشمول مقامی کمیونٹیز کی قیمتی آرا اور نقطہ نظر کو اہمیت دیتے ہوئے ان کے ممکنہ خدشات کے ازالہ کے لیے کوشاں ہے۔ پنجاب میں خواتین کے جائیداد میں حصہ کو یقینی بنانے اور انکے وراثتی حقوق کا تحفظ بھی پلس پراجیکٹ کا ایک اہم حصہ ہے۔ لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن دور جدید کی ایک اہم ضرورت ہے۔

- پنجاب میں اراضی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن کے عمل کے ساتھ عوام اور اراضی سے متعلقہ اداروں کی لینڈ ریکارڈ کی معلومات تک رسائی آسان ہو جائے گی۔ جس سے عوام اور حکومت کے قیمتی وقت اور وسائل کی بچت ہوگی۔

- آپ جغرافیائی طور پر کہیں بھی ہوں اور کسی بھی وقت صرف چند کلکس پہ اپنی اراضی کی معلومات تک مفت رسائی حاصل کر سکیں گے اور رجسٹری کے ریکارڈ کو دیکھنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت میسر ہوگی۔

- آپکی اراضی کے ریکارڈ کو محفوظ رکھنے اور آسان استعمال کے لیے صارف دوست جیو پورٹل بنایا جا رہا ہے جس کے تحت ہر مالک اراضی کی ملکیت کو خصوصی نمبر کی الاٹمنٹ کی جائے گی تا کہ آپکی اراضی کا ریکارڈ محفوظ ہاتھوں میں رہے۔

- اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن آپ کو اراضی ریکارڈ سے باخبر رکھنے کے علاوہ اپنی اراضی کی بہترین حکمت عملی اور فیصلہ سازی میں مددگار ثابت ہوگی جس سے جائیداد کی تقسیم میں پیش آنے والے تنازعات اور دیگر پیچیدہ مسائل میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔

- اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن سے آپ کے قیمتی اراضی ریکارڈ کو اور بھی زیادہ محفوظ اور اسکی رازداری کو یقینی بناتے ہوئے کسی بھی قسم کے نقصان اور غیر مجاز رسائی سے محفوظ رکھا جائیگا۔

اراضی ریکارڈ کے ایک مربوط نظام کی تشکیل کے لیے پنجاب بھر کا پیمائشی و جغرافیائی نقشہ ترتیب دیا جا رہا ہے

- پلس پراجیکٹ کے مقاصد میں اراضی ریکارڈ کو مختلف محکموں جیسے نادرا اور ٹیکسیشن جیسے اداروں کے ساتھ منسلک کرنا شامل ہے تا کہ عوام کے لیے اراضی کے انتقال کے معاملات میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

- پنجاب میں سرکاری زمین کی انوینٹری مرتب کی جائے گی تا کہ پنجاب میں معاشی و سماجی ترقی کی راہ ہموار ہو اور مفادِ عامہ کے منصوبوں پر ترجیحی بنیادوں پر کام کیا جا سکے۔

پنجاب
اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ

Punjab Urban Land Systems Enhancement Project

www.pulse.gop.pk

شکایات کی صورت میں رابطہ کریں

ویب پورٹل: https://grmis.pulse.gop.pk/citizen

ہیلپ لائن نمبر: 042-37882072

ای میل: complaints.pulse@punjab-zameen.gov.pk

PULSE پراجیکٹ 158 - اے، ابوبکر بلاک، نیوگارڈن ٹاؤن لاہور

- فی الوقت پنجاب میں **200** سے زائد سرکاری اور غیر سرکاری ادارے اراضی کا ریکارڈ مرتب کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ پنجاب حکومت پلس پراجیکٹ کے تحت ایک یکجا اور مربوط اراضی ریکارڈ کا نظام ترتیب دے رہی ہے۔ ڈیجیٹائزیشن کے عمل کے تحت پنجاب کے تمام اضلاع میں ای رجسٹریشن سینٹرز قائم کیے جائیں گے۔ ان ای رجسٹریشن سینٹرز میں بورڈ آف ریونیو سے متعلقہ تمام سروسز ایک ہی چھت کے نیچے فراہم ہوں گی جو کہ شہریوں لیے ایک بڑی خدمت ثابت ہوگی اور شہریوں کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے سے نجات ملے گی۔

- لینڈ رجسٹری کو لینڈ پارسل کا حصہ بنایا جائے گا۔ رجسٹری کے ساتھ پارسل میپ کا بھی اجراء کیا جائے گا اور پنجاب کے تمام شہریوں کے لیے یکساں سرٹیفکیٹ کا اجراء کیا جائے گا۔ ڈیجیٹائزیشن کے اس عمل میں آپ کی اراضی کے پیمائشی نقشہ جات کو ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے گا تا کہ زمین کے ایک ایک فٹ کی ملکیت کا درست تعین کیا جا سکے۔

اراضی ریکارڈ کا ڈیجیٹل نظام
حق محفوظ باسہولت عوام